**وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے آج لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات**

**جناب الطاف حسین نے اپنی رہائش گاہ آمد پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو خوش آمدید کہا۔**

**الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے وزیراعظم کو گلدستہ پیش کیا**

**وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے میں جمہوری نظام کے تسلسل اور استحکام کیلئے ایم کیوایم کی پالیسیوں اورالطاف حسین کے کردار کو سراہا**

**وزیراعظم نے الطاف حسین کو لاہور میں ہونیوالے ایم کیوایم کے جلسہ عام کی کامیابی کی پیشگی مبارکباد پیش کی**

**پنجاب میں ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیاں قومی سیاست کیلئے خوش آئند ہیں۔وزیراعظم یوسف رضا گیلانی**

**الطاف حسین نے وزیراعظم کی مفاہمت کی پالیسیوں کو سراہااور ملک کی یکجہتی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا**

**وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، وزیراعظم کے صاحبزادے عبدالقادر گیلانی اور پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے**

**ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سلیم شہزاد، طارق جاوید، انیس ایڈوکیٹ اور مصطفٰی عزیز آبادی بھی موجود تھے**

لندن۔۔۔9 اپریل 2011ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے آج لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔یہ ملاقات جناب الطاف کی رہائش گاہ پر ہوئی۔ جناب الطاف حسین نے اپنی رہائش گاہ آمد پر وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو خوش آمدید کہااوران سے معانقہ کیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے وزیراعظم کو گلدستہ پیش کیا۔وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، وزیراعظم کے صاحبزادے عبدالقادر گیلانی اور پاکستان کے ہائی کمشنر واجد شمس الحسن بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سلیم شہزاد، طارق جاوید، انیس ایڈوکیٹ اور مصطفٰی عزیز آبادی بھی موجود تھے۔ملاقات ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے انکے صاحبزادے سید حیدر گیلانی کی خیریت دریافت کی اوران کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔ وزیراعظم نے انکے صاحبزادے کیلئے دعائے صحت کی اپیل اورعیادت کیلئے ایم کیوایم کے وفد کو بھیجنے پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ ءخیال کیا گیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ملک میں جمہوری نظام کے تسلسل اور استحکام کیلئے ایم کیوایم کی پالیسیوں اور جناب الطاف حسین کے کردار کو سراہا۔ وزیراعظم نے جناب الطاف حسین کو لاہور میں ہونیوالے ایم کیوایم کے جلسہ عام کی کامیابی کی پیشگی مبارکباد پیش کی اور پنجاب میں ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیوں کو قومی سیاست کیلئے خوش آئند قرار دیا۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم ہماری اتحادی جماعت ہےاوراسے ہر قیمت پر ساتھ لیکر چلیں گے۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم کی مفاہمت کی پالیسیوں کو سراہااور ملک کی یکجہتی اور جمہوریت کے استحکام کیلئے انہیں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

**وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات کے موقع پر افضاء الطاف سے خصوصی گفتگو، شفقت کا اظہار اور پاکستان کے دورے کی دعوت**

لندن۔۔۔9 اپریل 2011ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کیلئے پہنچے تو جناب الطاف حسین کی صاحبزادی افضاء الطاف نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو گلدستہ پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے اپنی صاحبزادی کا تعارف کرایا۔ وزیراعظم نے افضاء الطاف سے شفقت کا مظاہرہ کیااوراسے پیار کیا۔ وزیراعظم نے افضاء الطاف سے خصوصی گفتگو کی، ان سے ان کے اسکول اور تعلیم کے بارے میں دریافت کیا۔ ملاقات کے بعد وزیراعظم رخصت ہونے لگے توانہوں نے افضاء الطاف کو ایک بار پھر شفقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔

☆☆☆☆☆